روزنامہ الفضل
ٹیلی فون نمبر: 213029
C.P.L 29
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

ہفتہ 20 نومبر 2004ء 7 شوال 1425 ہجری 20 نبوت 1383 ھش جلد 54-89 نمبر 261

آج ہماری عید ہے

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ ایک بار عید کا دن تھا۔ رسول کریم ﷺ میرے پاس تشریف لائے اس وقت دو بچیاں جنگ بعاث کے واقعات پر مشتمل گیت گا رہی تھیں وہ پیشہ ور گانے والی نہیں تھیں۔ رسول اللہؐ بستر پر منہ دوسری طرف کر کے لیٹ گئے۔ تھوڑی دیر بعد ابوبکر آئے مجھے ڈانٹا کہ رسول اللہ کے گھر میں شیطانی آلات کیوں بجائے جا رہے ہیں رسول اللہؐ نے فرمایا اے ابوبکر ہر قوم کی عید ہوتی ہے اور آج ہماری عید ہے۔

(صحیح بخاری کتاب الجمعہ باب الحراب و باب سنۃ العیدین حدیث نمبر 897-899)

عیدالفطر کے موقع پر لڑائی جھگڑوں سے اجتناب سے متعلق پُرمعارف خطبہ

احمدیوں کو لڑائی جھگڑوں سے بچتے ہوئے عفو اور درگزر سے کام لینا چاہئے

خدا کی خاطر آپس میں محبت کرنے والے قیامت کے دن خدا کے سایہ رحمت میں ہونگے۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ عیدالفطر فرمودہ 14 نومبر 2004ء بمقام بیت الفتوح مورڈن لندن کا خلاصہ

خطبہ عید کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 14 نومبر 2004ء بروز اتوار بیت الفتوح مورڈن لندن میں خطبہ عیدالفطر ارشاد فرمایا جس میں آپ نے عید کی حقیقی خوشیاں حاصل کرنے کیلئے بتایا کہ اللہ اور رسول کی اطاعت کی جائے اور اس کے سب حکموں پر عمل کیا جائے یہی حقیقی عید ہے اور خدا کے حکموں میں سے ایک حکم یہ ہے کہ لڑائی جھگڑوں سے اجتناب کرتے ہوئے ایک دوسرے سے عفو و درگزر کرنا اور آپس میں پیار و محبت سے رہنا ضروری ہے۔

حضور انور نے سورۃ انفال کی آیت 47 کی تلاوت فرمائی جس کا ترجمہ یہ ہے کہ اور اللہ کی اطاعت کرو اس کے رسول کی اور آپس میں مت جھگڑو ورنہ بزدل ہو جاؤ گے اور تمہارا رعب جاتا رہے اور صبر سے کام لو۔ اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہوتا ہے حضور انور نے فرمایا کہ الحمدللہ رمضان خیریت سے گزر گیا اور آج ہم عید منا رہے ہیں۔ یہ اللہ کا احسان ہے کہ اس کی خاطر جو چند دن ہم نے اپنے آپ کو جائز چیزوں سے روکا تھا اس کے بدلے آج اس نے عید کی خوشیاں دی ہیں۔

عید کا دن یہ بتاتا ہے کہ تمہارے ہر نیک عمل کا اللہ تعالیٰ ضرور نتیجہ دے گا اور اس کے بدلے خوشی کے سامان ہوں گے۔ اس لئے ہمیشہ اللہ کی اطاعت کرو اور اس کے سب حکموں پر عمل کرو اور اس کے حکموں میں سے ایک حکم یہ ہے کہ آپس میں بھائی بھائی بن کر رہو۔ ایک دوسرے کا خیال رکھو۔ اگر اس طرح رہو گے تو وہ ہمیشہ تمہارے لئے خوشیاں اور عیدوں کے سامان پیدا کرتا رہے گا۔

حضور انور نے فرمایا کہ جو آیت میں نے تلاوت کی ہے اس میں اللہ نے اس طرف توجہ دلائی ہے کہ اللہ اور رسول کی اطاعت کرنے والے آپس میں جھگڑا نہیں کرتے بلکہ پیار اور محبت سے رہتے ہیں پس تم بھی آپس کے لڑائی جھگڑوں کو ختم کرو ورنہ نافرمان کہلاؤ گے۔ اور جماعت کی وجہ سے جو رعب ہے وہ بھی ختم ہو جائے گا۔ اور دشمن فائدہ اٹھائے گا۔ اگر ایسے معاملات پیدا ہو ہی جائیں تو صبر سے کام لو اور نظام جماعت کو بتا دو۔ اگر خدا کی خاطر خاموش رہ کر صبر کرو گے تو خدا تمہارے ساتھ ہوگا۔

حضور انور نے فرمایا کہ رمضان اور عید ہمیں یہ سبق دے رہے ہیں کہ عام زندگی میں بھی خدا کی خاطر دی گئی قربانی کے بعد اللہ خوشی کے سامان پیدا فرمائے گا۔ رمضان میں ایک ماہ کی جو آپ نے ٹریننگ لی ہے اس کو اپنی زندگیوں کا حصہ بنا لو۔ حضرت مسیح موعود کی جماعت سے یہ بہت بڑی توقع ہے کہ لڑائی جھگڑوں سے بچنے والی صرف یہی ایک جماعت ہے پس آپس میں پیار اور محبت سے زندگی گزارنے کی کوشش کریں۔ معاف کرنے کی عادت ڈالیں۔ ہر بات کا بدلہ لینا ضروری نہیں بلکہ عفو۔ درگزر اور صبر سے کام لینا چاہئے تا کہ اللہ کے انعامات کے وارث ہوں۔ اس لئے آج عید کی خوشیوں کو بڑھانے کیلئے ان لوگوں کے گلے ملیں جن سے آپ کی شکر رنجیاں اور ناراضگیاں ہیں، تلخیاں ہیں اور بول چال بند ہیں خدا کی خاطر ان ناراضگیوں کو دور کر دیں۔ اور اپنے معاملات خدا پر چھوڑتے ہوئے صبر سے کام لیں۔

آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن فرمائے گا کہ کہاں ہیں وہ لوگ جو میری عظمت اور جلال کی خاطر آپس میں محبت کیا کرتے تھے آج جبکہ میرے سایہ کے سوا کوئی سایہ نہیں انہیں میں اپنے سایہ رحمت میں جگہ دوں گا۔ ایک دوسری حدیث ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ سب سے بڑی فضیلت یہ ہے کہ تو قطع تعلق کرنے والے سے تعلق قائم رکھے اور جو تجھے نہیں دیتا اسے بھی دے اور جو برا بھلا کہتا ہے اس سے درگزر کرے۔

حضرت مسیح موعود نے فرمایا ہے کہ خدا تعالیٰ ہرگز پسند نہیں کرتا کہ حلم اور صبر اور عفو جو کہ عمدہ صفات ہیں ان کی جگہ درندگی ہو اگر تم ان صفات حسنہ میں ترقی کرو گے تو بہت جلد خدا تک پہنچ جاؤ گے۔ حضور انور نے فرمایا کہ ہماری اصل عید تو اللہ کی عبادت ہے اس لئے ذکر الٰہی۔ فرض نمازوں اور رات کی عبادت سے عید کو زینت دو۔

حضور انور نے دنیا کے ہر خطے میں رہنے والے احمدیوں کو عید مبارک کا تحفہ پیش کیا اور دعا کی کہ ہر احمدی حقوق اللہ اور حقوق العباد ادا کرنے والا بن جائے۔ خدا کرے کہ یہ عید ہر فرد جماعت کیلئے خوشیوں کی خبر لے کر آئے۔ آخر پر حضور انور نے اجتماعی دعا کروائی جس میں تمام دنیا کے احمدی احمدیہ ٹیلی ویژن کی وساطت سے شریک ہوئے۔

محررین درجہ دوم کی ضرورت

☆ دفاتر صدر انجمن احمدیہ میں کارکنان کی وقتاً فوقتاً ضرورت رہتی ہے۔ صرف ایسے مخلص احمدی نوجوان درخواستیں بھجوائیں جو دینی کاموں سے شغف اور خدمت دین کا شوق رکھتے ہوں اور محنت سے کام کرنا چاہتے ہوں اور مستقل طور پر حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ میں کام کرنے کے خواہش مند ہوں۔

تعلیمی قابلیت۔

☆ ایف۔اے، ایف ایس سی، بی۔اے بی۔ایس سی (کم از کم 45% نمبر)

☆ کمپیوٹر جاننے والوں کو ترجیح دی جائے گی۔

درخواست دینے کیلئے عمر کی حد 18 تا 25 سال ہے۔ مطلوبہ معیار پر پورا اترنے والے امیدوار اپنی درخواستیں، تعلیمی قابلیت کی مصدقہ نقول، صدر صاحب جماعت کی تصدیق اور شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی کے ساتھ مورخہ 15 دسمبر 2004ء تک دفتر نظارت دیوان صدر انجمن احمدیہ میں بھجوا دیں۔ نامکمل درخواستوں پر غور نہیں ہوگا۔ نصاب درج ذیل ہے۔

الف:۔ قرآن مجید ناظرہ مکمل، پہلا پارہ باترجمہ، چالیس جواہر پارے، ارکان (دین حق)، نماز مکمل باترجمہ

ب:۔ کشتی نوح، برکات الدعا، عام دینی معلومات
مضمون۔ بابت عقائد جماعت احمدیہ
نظم از درثمین۔ شان اسلام

ج۔ انگریزی وحساب بمطابق معیار میٹرک، عام معلومات

د۔ امیدوار کا خوشخط ہونا لازمی ہوگا۔

نوٹ:۔ ہر جزو میں کامیاب ہونا لازمی ہے کامیاب ہونے کے لئے پچاس فیصد نمبر حاصل کرنے لازمی ہونگے۔

(ناظر دیوان۔ صدر انجمن احمدیہ پاکستان، ربوہ)

واقفین نو ربوہ کی لینگوئج کلاسز

☆ لینگوئج انسٹی ٹیوٹ واقفین نو دارالرحمت وسطی ربوہ میں تمام زبانوں کی کلاسز عیدالفطر کی رخصتوں کے بعد مورخہ 20 نومبر 2004ء بروز ہفتہ 4 بجے بعد نماز عصر شروع ہو رہی ہیں۔ تمام واقفین نو بچوں اور بچیوں نیز اساتذہ کرام سے بروقت تشریف لانے کی درخواست ہے۔

(انچارج لینگوئج انسٹی ٹیوٹ واقفین نو دارالرحمت وسطی ربوہ)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر (نمبر 322)

فتح کابل۔ معجزۂ رسول عربی

حضرت خلیفۃ المسیح اول مولانا نورالدین بھیروی کی زبان مبارک سے۔

(پکے سچے متقی ایمانداروں کا ذکر تھا) فرمایا:۔

''جن دنوں انگریزوں نے کابل پر چڑھائی کی تھی۔ ان دنوں میں ایک انگریز پادری گارڈن نام ہمارے شہر آیا کرتا تھا۔ اس کی کوٹھی شہر سے باہر سڑک کے کنارے پر تھی۔ اور اس سڑک پر سے کابل جانے والی فوجیں اور باربرداری کے سامان کثرت سے گزرا کرتے تھے۔ میں اس پادری کے پاس جایا کرتا تھا اور مذہبی گفتگو ہوا کرتی تھی۔ ایک دن اس نے سوال کیا کہ محمد صاحب ﷺ کی سچائی کا کوئی ظاہری معجزہ ہمیں دکھاؤ۔ میں نے اس سڑک کی طرف اشارہ کیا اور کابل کی سمت بھی وہی تھی۔ پہلے تو وہ نہ سمجھا اور دو تین دفعہ اس نے بات کو دہرایا۔ لیکن آخر بات کو سمجھ گیا اور کہا ''کابل، کابل''؟ میں نے کہا ہاں کابل۔ کہنے لگا اس میں کیا معجزہ ہے۔ کھول کر بیان کیجئے۔ میں نے کہا دیکھئے۔ اول تو آپ اپنی دولت اور مسلمانوں کی دولت کا مقابلہ کریں۔ آپ کی دولت کا حساب اربوں پر بھی ختم نہیں ہوتا اور ہماری دولت کا یہ حال ہے کہ گنتی کے لئے سب سے بڑا لفظ ہمارے پاس الف ہے جس کے معنے ہیں ہزار۔ اس کے آگے کوئی لفظ ہی نہیں۔ پھر اس امر پر غور کریں کہ آپ کابل سے کیا چاہتے ہیں نہ آپ ان کا مذہب لینا چاہتے ہیں نہ ان کے رسوم بدلنا چاہتے ہیں نہ ان کے ملک پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں۔ صرف سرحد پر امن کرنا آپ کا مقصد ہے اور بس۔ آپ کا لشکر ہزاروں کی تعداد میں اور سامان حرب کس قدر۔ **اس کے بالمقابل مسلمانوں نے کابل کو کس طرح فتح کیا۔ آپ غور فرماویں جب سلطنت اسلامیہ کے مرکز میں بڑے لوگوں کا آپس میں کچھ تنازع تھا تو عبدالرحمٰن بن سمرہ نے چند آدمیوں کو ساتھ لیا اور کہا کہ دارالخلافت سے تو سردست کوئی ارشاد نہیں کہ ہم کہاں جائیں اور کیا کریں۔ آؤ اس عرصہ میں ذرا کابل کو ہی فتح کرلیں۔ کل چودہ آدمی اس کے ساتھ تھے جن کو لے کر اس نے کابل پر چڑھائی کی اور کابل سے کیا لینا چاہا۔ ملک پر قبضہ، رسوم کی تبدیلی، مذہب کی تبدیلی اور یہ سب کچھ کر کے دکھا دیا۔**

کیا یہ...... معجزہ نہیں جو اس وقت آپ کو دکھلایا اور منوایا جارہا ہے۔ یہ بات سن کر پادری صاحب کو جوش آیا کہ وہ بھی فتح کابل میں شریک ہوں اور وہاں صلیب کا جھنڈا گاڑیں۔ سو وہ قندھار کو چل پڑے اور چند روز کے بعد خبر آئی۔ وہ قندھار میں توپ سے اڑائے گئے۔

(کلام امیر ص 84 بدر 28 نومبر 1912ء)

حضرت عبدالرحمان بن سمرہؓ (وفات 670ء) خاندان قُصی کے چشم و چراغ تھے۔ فتح مکہ کے موقع پر نور اسلام سے منور ہوئے۔ پہلا نام عبدکلال تھا جسے آنحضرت ﷺ نے بدل کر عبدالرحمٰن رکھ دیا بعدازاں آپ بصرہ میں قیام پذیر ہوئے اور جیسا کہ اسماء الرجال کے نابغۂ روزگار بزرگ حضرت ابن حجر عسقلانیؒ (وفات 1449ء) اپنی شہرہ آفاق کتاب ''تہذیب التہذیب'' میں تحریر فرمایا ہے۔ آپ کو غزوۂ موتہ میں شرکت کا اعزاز بھی نصیب ہوا اور آپ ہی فاتح کابل تھے۔ ع

خدا رحمت ایں عاشقان پاک طینت را

ایک معزز افغان مہمان کے لئے گم گشتہ آسمانی خزانہ

حضرت سید مہدی حسین موج صاحب مہتمم کتب خانہ حضرت مسیح موعود تھے۔ خط نہایت پاکیزہ اور پروف ریڈنگ میں اپنی مثال آپ تھے۔ کتاب ''نزول المسیح'' آپ ہی کی زیر نگرانی اشاعت پذیر ہوئی۔ حضرت اقدس نے تتمہ حقیقۃ الوحی صفحہ 56 پر آپ کا نام ایک عظیم الشان نشان کے عین شاہد کے طور پر رقم فرمایا ہے۔ (وفات 31 راگست 1941ء بعمر پچھتر سال)

مرکز احمدیت قادیان، حضرت اقدس کے عہد مبارک میں بٹالہ ریلوے سٹیشن سے گیارہ میل اور لاہور سے قریباً 70 میل جانب مشرق ایک معمولی قصبہ تھا جس میں احمدی آبادی بھی مختصر سی تھی مگر اس گمنامی اور کسمپرسی کے باوجود خدا نے اپنے پاک وعدوں کے مطابق اسے مرجع عالم بنا دیا جہاں **امریکہ، روس، آسٹریلیا اور ترکی تک سے بندگان خدا مامور وقت کی زیارت کے لئے حاضر ہوئے** اور ہزاروں سال کے گم گشتہ خزینوں اور دفینوں سے مالا مال ہوئے۔ ان خوش نصیبوں میں ایک غریب مگر سعید الفطرت افغان مہمان بھی تھے جنہیں حضور انور کے خصوصی ارشاد پر حضور کی معرکہ آراء کتب بطور تحفہ دی گئیں جس کی اطلاع دیتے ہوئے حضرت سید مہدی حسین صاحب مہتمم کتب خانہ نے حضرت اقدس کی خدمت میں پانچ کتب کا سیٹ پیش کرتے ہوئے درج ذیل عرضداشت کی:۔

''نووارد پٹھان پابرہنہ کے لئے مفتی صاحب نے حضور کا حکم سنایا تھا کہ اس کو فارسی کتب کا ذخیرہ بہم پہنچانے کا حکم حضور پر نور سے نافذ ہوا ہے۔ لہٰذا اس کے لئے ایام الصلح فارسی، اعجاز المسیح مترجم فارسی، خطبہ الہامیہ مترجم اردو و فارسی حضور کے کتب خانہ سے نیز درثمین دفتر بدر سے اور تذکرۃ الشہادتین فارسی مقبرہ بہشتی سے لے کر ملاحظہ حضور میں پیش کرتا ہوں۔ بعد معائنہ پٹھان کو دینے کے لئے واپس فرمائی جاویں یا اور کوئی شامل کرنے کا حکم ہو تو وہ بھی جہاں سے مل سکے بہم پہنچائی جاوے۔ والسلام، مہدی حسین''

حضرت اقدس مسیح موعود نے یہ عرضداشت ملاحظہ کر کے اپنے قلم مبارک سے تحریر فرمایا۔

''اس میں استغناء نہیں ہے وہ بھی چاہئے۔''

وہ خزائن جو ہزاروں سال سے مدفون تھے
اب میں دیتا ہوں اگر کوئی ملے امیدوار

تعارف:

آخر میں یہ عرض کرنا مناسب ہوگا کہ کتاب ''تاریخ احمدیت'' کی ابتدائی متعدد جلدوں کے کاتب مکرم سید محمد باقر صاحب خوش نویس مرحوم اور محترمی سید عبدالباسط شاہ صاحب حضرت سید میر مہدی حسین صاحب ہی کے صاحبزادے تھے۔ سید عبدالباسط صاحب دفتر خدام الاحمدیہ مرکزیہ قادیان کے اولین بے نفس اور انتھک کارکن تھے جو 10 مارچ 1939ء کی قرارداد کے مطابق اس عالمگیر تحریک سے وابستہ ہوئے بعدازاں یکم فروری 1948ء کو معاون معتمد اور 15 نومبر 1949ء کو نائب معتمد مقرر کئے گئے اور ربع صدی سے زائد محیط عرصہ تک نہایت بلند پایہ خدمات بجالانے کے بعد 23 راپریل 1967ء کو مالک حقیقی سے جا ملے۔ حضرت صاحبزادہ ناصر احمد خلیفۃ المسیح الثالث کے مقرب خادموں میں سے تھے اور ان پر غیر معمولی اعتماد فرماتے تھے۔ ؎

فروغ شمع محفل تو رہے گا صبح محشر تک
مگر محفل تو پروانوں سے خالی ہوتی جاتی ہے

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ولادت

مکرم جمال الدین شمس صاحب مربی سلسلہ لکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے خاکسار کی بیٹی عزیزہ آنسہ طاہرہ صاحبہ زوجہ مکرم مبشر حسن صاحب حیدرآباد تھل ضلع بھکر کو 12 نومبر 2004ء کو پہلی بیٹی عطا فرمائی ہے۔ نومولودہ وقف نو کی تحریک میں شامل ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ نے ''امۃ المصور'' نام عطا فرمایا ہے۔ نومولودہ مکرم چوہدری دلبند علی صاحب امیر جماعت ضلع بھکر کی پوتی ہے۔ دعا کی درخواست ہے کہ خدا تعالیٰ نومولودہ کو صحت و سلامتی والی لمبی زندگی دے نیک صالحہ بنائے۔ آمین

سانحہ ارتحال

مکرم انیس احمد محمود صاحب معلم وقف جدید چک نمبر 327/H.R مروٹ تحصیل فورٹ عباس ضلع بہاولنگر لکھتے ہیں۔ خاکسار کے سسر محترم بشیر احمد صاحب ٹیلر ماسٹر آف کنری بعمر 62 سال مورخہ 2 نومبر 2004ء کو بقضائے الٰہی وفات پا گئے۔ مرحوم کی نماز جنازہ مکرم حافظ عبدالرحمٰن صاحب مربی سلسلہ ضلع میرپورخاص نے پڑھائی۔ مرحوم موصی تھے۔ اس لئے جنازہ ربوہ لایا گیا۔ ربوہ میں مکرم حافظ عبدالاعلیٰ صاحب نائب وکیل المال اول نے نماز جنازہ پڑھائی اور قبر تیار ہونے پر انہوں نے ہی دعا کرائی۔ مرحوم نے اپنے پیچھے اہلیہ کے علاوہ دو بیٹے اور سات بیٹیاں سوگوار چھوڑی ہیں۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے انہیں غریقِ رحمت کرے اور لواحقین کو صبر کی توفیق دے۔

درخواست دعا

☆ رضوان نصر اللہ صاحب ابن مکرم کلیم اللہ ملک صاحب مرغزار کالونی لاہور نے کیمیکل انجینئرنگ کے فائنل امتحان میں انجینئرنگ یونیورسٹی لاہور سے 956 نمبر حاصل کر کے پانچویں پوزیشن حاصل کی۔ رضوان صاحب، ملک نصر اللہ خان صاحب مرحوم آف گوجرانوالہ کے پوتے ہیں۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اس کامیابی کو اللہ تعالیٰ ان کے لئے بابرکت فرمائے۔ آمین

سانحہ ارتحال

مکرم کمال احمد صاحب ربوہ سے لکھتے ہیں۔ مکرم صوبیدار عبدالرحیم صاحب سابق صدر جماعت احمدیہ داتہ مانسہرہ حال مقیم 36/6 دارالرحمت غربی ربوہ بروز بدھ 20۔ اکتوبر 2004ء کو وفات پا گئے۔ مرحوم کا جنازہ مکرم مولوی منیر الدین صاحب انچارج رشتہ ناطہ نے پڑھایا اور قبر پر دعا بھی کروائی۔ مرحوم حضرت مسیح موعود کے رفیق حضرت حاجی احمد جی مرحوم کے پوتے تھے۔ 1996ء میں انتہائی ناسازگار حالات کی وجہ سے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے داتہ سے ربوہ ہجرت کی اور ساری زندگی دین کے لئے قربانیاں پیش کرتے رہے اور ثابت قدم رہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ خدا تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے ان کے درجات بلند فرمائے اور لواحقین کو صبر و استقامت عطا فرمائے اور دین پر ثابت قدم رہنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

حضرت حافظ مختار احمد صاحب شاہجہانپوری بطور داعی الی اللہ

محمد احمد فہیم صاحب

حضرت حافظ مختار احمد صاحب حضرت مسیح موعود کے رفقاء میں سے تھے۔ آپ شاہجہان پور (ہندوستان) میں 1853ء میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد کا نام حضرت حافظ سید علی میاں تھا۔ جو اپنے علاقہ کی نہایت ممتاز شخصیت تھے۔ آپ کے قلم سے بیسیوں علمی تصانیف وجود میں آئیں۔ عربی، فارسی اور اردو نثر، نظم پر آپ کو یکساں قدرت حاصل تھی۔ اسی طرح آپ کے دادا سید ضیاء الدین احمد میاں ایک جید عالم اور سجادہ نشین بزرگ تھے۔

حضرت حافظ صاحب کا ایک عظیم الشان کارنامہ آپ کا 30 دنوں میں قرآن کریم کا حفظ کرنا ہے۔ آپ اردو کے نامور شاعر جناب امیر مینائی لکھنوی کے خاص شاگردوں میں سے تھے۔ آپ نے تقریباً 110 سال عمر پائی۔ 1892ء میں آپ بیعت کر کے سلسلہ احمدیہ میں داخل ہوئے اور 1969ء میں آپ نے وفات پائی اور بہشتی مقبرہ ربوہ میں مدفون ہوئے۔ زیر نظر مضمون میں خاکسار نے کتاب ''حیات حضرت مختار'' از ابوالعارف سلیم شاہجہانپوری سے افادۂ عام کی غرض سے حضرت حافظ مختار احمد صاحب کی زندگی کے چند واقعات دعوت الی اللہ کے ضمن میں مرتب کئے ہیں۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع جبکہ آپ صدر مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ کے عہدہ پر فائز تھے۔ حضرت حافظ مختار احمد صاحب کی دعوت الی اللہ کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔ حضرت حافظ مختار احمد صاحب شاہجہانپوری کی سیرت کا ایک نمایاں پہلو آپ کا شوق دعوت الی اللہ تھا۔ دعوت الی اللہ آپ کا اوڑھنا بچھونا، اور کھانا پینا ہو چکی تھی اور واقعۃً نہ کہ محاورۃً آپ دعوت الی اللہ سے قوت پاتے تھے۔ ایک مرتبہ مجھے حضرت حافظ صاحب کی خدمت میں حاضر ہونے کی سعادت نصیب ہوئی تو وہ کسی دوست سے پہلے روز کے ایک واقعہ کے متعلق استفسار فرما رہے تھے۔ چنانچہ میرے حاضر ہونے پر مجھے بھی اس گفتگو میں شامل فرما لیا۔ واقعہ یہ تھا کہ ایک روز پہلے جب یہی دوست جن سے حضرت حافظ صاحب کی گفتگو ہو رہی تھی۔ ضلع جھنگ کے ایک بڑے زمیندار کو حضرت حافظ صاحب کی خدمت میں ملاقات کے لئے لے کر حاضر ہوئے تو حضرت حافظ صاحب پر ضعف کا شدید حملہ تھا اور لمبی بات تو کجا ہونٹ ہلانے میں بھی دقت محسوس کرتے تھے۔ لیکن جب معلوم ہوا کہ ان کو لانے کا مقصد (دعوت الی اللہ) ہے تو رفتہ رفتہ کوشش کر کے بعض مسائل پر کچھ کہنا شروع کیا۔ جوں جوں وقت گزرتا گیا حضرت حافظ صاحب کی توانائی بڑھتی گئی یہاں تک کہ خدا کے فضل سے اٹھ کر بیٹھ گئے اور مختلف کتابیں نکلوا کر اصل حوالہ جات بھی دکھانے شروع کئے اور تقریباً ڈیڑھ دو گھنٹے تک مسلسل بڑے جوش سے ان کو (دعوت الی اللہ) کرتے رہے۔ بالآخر جب وہ دوست مؤدبانہ رخصت لے کر جانے لگے۔ تو نکلتے ہوئے دروازے پر ایک ایسا تبصرہ کیا جسے حافظ صاحب نے بھی سن لیا وہ تبصرہ یہ تھا کہ ''بلا بدھی ہوئی اے''۔ میرے پہنچنے پر حضرت حافظ صاحب اسی بارہ میں استفسار فرما رہے تھے کہ آخر اس نے مجھے ''بلا'' کیوں کہا ہے؟ میں نے تو کوئی ایسی بات نہیں کی۔ نیز فرمایا کہ ''بدھی'' کا مطلب مجھے سمجھ نہیں آیا۔ چنانچہ اس پر خاکسار نے عرض کیا کہ اس سے بہتر الفاظ میں پنجابی زبان میں وہ آپ کو خراج تحسین پیش نہیں کر سکتا تھا۔ صرف بلا کہنے پر ہی اس نے اکتفا نہیں کی بلکہ ''بلا بدھی'' کہہ کر تو پنجابی زبان میں بلاغت کی انتہا کر دی کہ یہ کوئی معمولی شخص نہیں بلکہ بہت عظیم الشان طاقتوں کا مالک ہے جس کے ساتھ کوئی مقابلہ نہیں ہو سکتا۔

حافظ عبدالجمیل صاحب جو کہ آپ کے خاص شاگرد تھے بیان کرتے ہیں۔ حافظ سید مختار احمد صاحب میرے شفیق استاد تھے اور میں نے ان کے پاس تقریباً بائیس سال تربیت حاصل کی۔ میرا زیادہ تر وقت انہیں کے پاس گزرا ہے۔ میں نے دیکھا کہ انہیں دعوت الی اللہ کے سوا کسی دوسرے کام سے دلچسپی نہ تھی۔ صبح سے شام تک جو شخص بھی طالب حق بن کر ان کے پاس آتا اس کے ساتھ مصروف گفتگو ہو جاتے اور جو اعتراض وہ کرتا اس کا جواب تسلی بخش دیتے اور جب تک کوئی جواب باقی رہتا طالب حق کو جانے نہ دیتے ان کی کوشش سے شاہجہان پور میں بہت سے لوگ سلسلہ احمدیہ میں داخل ہوئے۔ آپ کو ہزاروں حوالہ جات از بر تھے۔ جو بوقت ضرورت فوراً پیش کر دیتے۔

سید محمد الیاس ناصر دہلوی (مقیم لندن) بیان کرتے ہیں کہ حضرت حافظ مختار احمد صاحب فرمایا کرتے تھے کہ زیر تربیت شخص میں تین باتوں کا ہونا ضروری ہے۔

1۔ جرأت 2۔ قوت موازنہ 3۔ متلاشی حق ہونا

فرمایا اگر کسی شخص میں جرأت کا فقدان ہو تو باوجود سچائی کا علم ہو جانے کے وہ اس سے محروم رہتا ہے۔ اپنے عزیزوں رشتہ داروں کا خوف اظہار حق میں روک بن جاتا ہے۔ اسی طرح جس شخص کو قوت موازنہ حاصل نہ ہو وہ اچھے اور برے نیک اور بد کی تمیز ہی نہیں کر سکتا اور جسے حق کی تلاش ہی نہیں وہ کسی چیز کو خاطر میں نہیں لاتا اور بات کو سنی ان سنی کر دیتا ہے۔ جب تک دل میں جستجو نہ ہو تربیت کا فائدہ نہیں پہنچ سکتا۔

حضرت حافظ صاحب کی دعوت الی اللہ کا ذکر کرتے ہوئے مکرم پروفیسر پرویز پروازی لکھتے ہیں۔ دین سے انہیں بے پناہ شغف تھا۔ دعوت الی اللہ تو گویا ان کی غذا تھی۔ پہروں بے تکان بولتے چلے جاتے تھے۔ یہ بھی ہوا کہ طبیعت میں نقاہت ہے آواز سے اضمحلال کی کیفیت نمایاں ہے لیکن کسی نے کوئی مذہبی سوال چھیڑ دیا بس پھر کیا تھا حضرت حافظ صاحب اٹھ بیٹھے نقاہت ہوا ہو گئی۔ آواز میں لوچ اور طنطنہ پیدا ہو گیا اور کچھ اس شرح و بسط سے اس سوال کا جواب دیا کہ سننے والے بیٹھے سر دھنتے اور لطف اٹھاتے رہتے۔ ان کے پاس بیٹھ کر یوں محسوس ہوتا کہ جیسے وقت کی رفتار رک گئی ہے۔

حضرت حافظ مختار احمد صاحب کے شوق دعوت الی اللہ کے متعلق شہادت دیتے ہوئے آپ کے بھانجے سید محمد ہاشم صاحب بخاری (مرحوم) بیان کرتے ہیں۔ حافظ صاحب نے قبول احمدیت کے بعد سے اپنی زندگی خدمت کے لئے وقف کر دی تھی۔ 1898ء سے لے کر اپنی وفات کے ایک دن پہلے تک یہ سلسلہ جاری رہا۔ دعوت الی اللہ ان کی روح کی غذا تھی اور اسی میں ان کی راحت تھی کتنے ہی بیمار کیوں نہ ہوں، تھکے ہوئے ہوں مگر جس وقت گفتگو کا سلسلہ شروع ہو جاتا تو آواز میں شوکت اور رعب پیدا ہو جاتا اور پھر آواز بلند سے بلند تر ہوتی چلی جاتی۔ وقت اپنی پرواز سے اڑا چلا جاتا اور یہ نحیف و نزار اللہ کا بندہ عشق خدا میں مدہوش اور دنیا و مافیہا سے بے خبر ہو جاتا۔ حوالہ جات اور کتابوں کی بھر مار ہو جاتی۔ کتابیں طالبان حق کے ہاتھوں میں تھما دی جاتیں اور خود پڑھنا شروع کر دیتے اور جب تک بات ذہن نشین نہ کرا لیتے بس نہ کرتے اس میں چھوٹے، بڑے، پڑھے لکھے اور ان پڑھ کی تمیز اور قید نہ تھی۔

مکرم سلیم شاہجہانپوری حضرت حافظ صاحب کے دعوت الی اللہ میں انہماک کا ذکر کرتے ہوئے رقمطراز ہیں کہ جب سے میں نے ہوش سنبھالا حضرت حافظ صاحب کو دعوت حق میں منہمک پایا۔ آپ کے پاس صبح سے شام تک متلاشیان حق کا تانتا بندھا رہتا تھا۔ یہ شاہجہانپور کی بات ہے۔ کھانا میری والدہ تیار کرتی تھیں۔ میں تقریباً ساڑھے بارہ یا ایک بجے اپنے گھر سے کھانا لے کر حافظ صاحب کے پاس پہنچ جاتا تھا۔ لیکن اکثر ایسا اتفاق ہوتا تھا کہ حافظ صاحب حاضرین سے گفتگو میں اس درجہ محو ہوتے تھے کہ مجھے اتنی جرأت ہی نہ ہوتی تھی کہ کھانا لے آنے کی اطلاع ہی دے دوں۔ بلکہ میں خود اس محفل کا ایک حصہ بن کر رہ جاتا تھا کیونکہ حافظ صاحب کا طرز بیان اتنا دل آویز اور دل کو موہ لینے والا ہوتا تھا کہ آپ کی محفل میں پہنچ کر وقت کا احساس ہی ختم ہو جاتا تھا اور یہ کوئی مبالغہ نہیں بلکہ حقیقت ہے جس کا مشاہدہ قریباً روز ہی ہوتا تھا۔ ان کی محفل میں پہنچ کر ہر دوسرا ضروری امر دماغ سے محو ہو کر صرف حافظ صاحب کی سحر انگیز تقریر کا نقش ہی باقی رہ جاتا تھا۔ اس عرصہ میں کھانا ٹھنڈا ہو کر اپنا رنگ تبدیل کر لیتا۔ روٹیاں اکثر سوکھ جاتیں اور چبانے کے قابل نہ رہتیں لیکن اس خدمت دین میں ان کو کچھ پرواہ نہ ہوتی۔ چار پانچ بجے جب لوگ رخصت ہو جاتے تو میں کھانا سامنے رکھ دیتا۔ حافظ صاحب اسی ٹھنڈے سالن اور سوکھی روٹیوں پر گزارا کر لیتے اور پانی پی کر خدا کا شکر بجا لاتے اور کبھی حرف شکایت زبان پر نہ لاتے۔ کئی دفعہ دوپہر کا کھانا کھانے کی نوبت ہی نہ آتی اور کھانا جوں کا توں واپس جاتا صرف رات کے کھانے پر قناعت کرتے۔

اسی طرح ایک واقعہ تحریر کرتے ہوئے مکرم سلیم شاہجہانپوری صاحب فرماتے ہیں:۔

''جن دنوں آپ جودھامل بلڈنگ لاہور کے ایک کمرہ میں قیام فرما تھے۔ انہیں ایام کا واقعہ ہے کہ ایک روز مکرم ضیاء الحق صاحب جو ان دنوں اسی بلڈنگ کے زیریں حصے میں سکونت پذیر تھے۔ دوپہر کو حسب معمول حضرت حافظ صاحب کی خدمت میں حاضر ہوئے تو کیا دیکھتے ہیں کہ کمرہ دھوئیں سے بھرا ہوا ہے اور حضرت حافظ صاحب کاغذ وغیرہ کے ذریعہ انگیٹھی میں کوئلہ جلانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ تا کہ کھچڑی تیار کریں۔ ضیاء الحق صاحب نے عرض کیا کہ یہ کام اب میں کروں گا تو حافظ صاحب نے سختی سے منع فرمایا اور کہا کہ آپ ابھی باہر سے آئے ہیں کچھ دیر آرام کریں۔ ابھی پانی گرم بھی نہ ہونے پایا تھا کہ کچھ لوگ آ گئے حافظ صاحب نے آگ بجھا دی اور دیگچی چولہے سے اتار کر دوسری جگہ رکھ دی اور آنے والوں سے گفتگو میں مصروف ہو گئے اور یہ سلسلہ کافی دیر چلا یہاں تک کہ رات ہو گئی۔ گزشتہ روز بھی ایسا ہی واقعہ ہوا تھا اور حافظ صاحب اس روز بھی کچھ نہ کھا سکے تھے۔ ضیاء الحق صاحب تین چار انڈے لے آئے لوگ ابھی تک موجود تھے۔ اس لئے ضیاء الحق صاحب انڈے پیش کرنے میں ہچکچاہٹ محسوس کر رہے تھے۔ ضیاء الحق صاحب بیان کرتے ہیں کہ اتنے میں رات کے گیارہ بج گئے، میں چار انڈے لے کر ان کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ پر ہلکا سا ضعف طاری تھا چائے پینے کے بعد میرے لئے خصوصی دعا کی اور میری اس حقیر خدمت کا بے حد احساس کیا۔

محمد ضیاء الحق صاحب چوہدری آف امریکہ آپ کے آخری وقت تک دعوت الی اللہ کے جوش کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

''میرے ایک دوست میرے زیر دعوت تھے۔ ایک دو مرتبہ میں نے انہیں حافظ صاحب سے بھی ملوایا شروع میں وہ احمدیت کے کافی قریب آ کر پھر مخالفت سے گھبرا کر کچھ وقت کے لئے پیچھے ہٹ گئے۔ میرا طریق تھا کہ ربوہ سے واپس ہوتے وقت حضرت حافظ صاحب سے ضرور مل کر آتا۔ میں حاضر ہوا، دیکھا اکیلے بیٹھے ہوئے تھے تمام جسم پر سوج پڑی ہوئی تھی۔ میرے ساتھ میری بیوی اور بچے بھی تھے۔ میں نے سلام کیا۔ جواب میں صرف ہونٹ ہلے۔ میں نے بہت قریب جا کر طبیعت کا پوچھا تو بہت ہی آہستہ سے، جسے

میں کان لگا کر سن سکا، فرمایا کہ اب تو چل چلاؤ کا وقت ہے اب طبیعت کیسی؟ ذرا سے توقف سے استفسار فرمایا ''آپ کے اس تاجر دوست کا کیا بنا؟'' جس پر میں نے کچھ ناامیدی کی بات کی تو اونچی آواز میں جسے میری بیوی اور بچوں نے بھی سنا فرمایا ''میں نے اس کے چہرے پر ایمان کا نور دیکھا ہے جاؤ اور اس کا پیچھا کرو۔'' میں سلام کر کے چلا آیا اور چند روز بعد ہی آپ کی وفات کی خبر آ گئی۔

حضرت حافظ مختار احمد صاحب کی وفات پر حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے 10 جنوری 1969ء کو خطبہ جمعہ میں اظہار تعزیت فرمایا اور خاص کر آپ کے شوق دعوت الی اللہ کا ذکر بھی فرمایا۔

''ہماری جماعت کے ایک اور سردار حضرت حافظ مختار احمد صاحب شاہجہانپوری کل ہم سے جدا ہو گئے۔ آپ ایک بے نفس خدمت کرنے والے بزرگ تھے جنہوں نے بیماری کی حالت میں بھی بظاہر ایک مختصر سی دنیا میں جوان کے ایک کمرے پر مشتمل تھی دعوت الی اللہ اور تربیت کا ایک وسیع میدان پیدا کر دیا تھا۔ آخر وقت تک آپ کا ذہن بالکل صاف اور حافظہ پوری طرح کام کرنے والا رہا۔ آپ اس قدر دعوت الی اللہ کرنے والے اور اس رنگ میں تربیت کرنے والے بزرگ تھے کہ ہماری جماعت میں کم ہی اس قسم کے لوگ پائے جاتے ہیں۔ ہماری زندگی کے لمحات، ہمارے اموال، ہماری خواہشات، ہمارے جذبات اور ہمارے آرام سب کچھ اسی کے حضور پیش ہیں اور ہم جانتے ہیں کہ ایک دن ہم اس کے حضور پیش ہوں گے۔ تو وہ ہماری ان حقیر کوششوں کی بہت جزا دے گا۔ اللہ کرے ہمارے اس بزرگ بھائی کو جو اپنے آقا کے پاس پہنچ گیا ہے احسن جزاء ملے اور خدا کرے کہ ہم بھی (اس دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی) اس کے فضلوں کے وارث بنیں۔ حضرت حافظ صاحب کی وفات پر میں نے بہت دعا کی کہ اے میرے رب غلبۂ دین کی جو مہم تو نے حضرت اقدس مسیح موعود کے ذریعہ جاری کی ہے۔ اس کی سرحدوں میں وسعت پیدا ہو رہی ہے، ہمارے کام بڑھ رہے ہیں اور ہماری ضرورتیں زیادہ ہو رہی ہیں ہمیں حضرت حافظ صاحب جیسے ایک نہیں سینکڑوں نہیں بلکہ ہزاروں فدائی اور دین کے جاں نثار چاہئیں۔'' (روزنامہ الفضل 25 فروری 1969ء)

صفات الٰہیہ اور دعائے استخارہ

سیدنا حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں۔

صفات باری تعالیٰ میں ہر وقت ایک نئی تبدیلی پیدا ہوتی رہتی ہے۔ اور اس تبدیلی کے ساتھ انسان کو بھی اپنے اندر صفات باری کے موجودہ دور کے مطابق تبدیلی کرنی پڑتی ہے۔ اور اس سے بنی نوع انسان کا قدم ترقی کی طرف اٹھتا ہے۔

دنیا کی تاریخ پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ مختلف ادوار میں بنی نوع انسان کا قدم ترقی کی ایک خاص جہت کی طرف اٹھا ہے۔ کسی وقت فلسفہ کا دور آیا ہے۔ تو کسی وقت ادب کا۔ کسی وقت اخلاق کا دور آیا ہے تو کسی وقت فنون لطیفہ کا۔ کسی وقت قانون سازی کا دور آیا ہے تو کسی وقت تہور و شجاعت کا۔ غرض اچھے انسانی دماغوں میں ہر زمانہ میں ایک ہم آہنگی معلوم ہوتی ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ عالم بالا کی کشش ہر زمانہ کے اعلیٰ دماغوں کو اس زمانہ کے صفاتی دور کی طرف کھینچنے میں لگی رہتی ہے۔ اور اس فن میں انسانی دماغ زیادہ ترقی کر جاتا ہے۔ جس طرف کہ صفات باری اس وقت اشارہ کر رہی ہوتی ہے۔ قرآن کریم نے اسے ''ملاء اعلیٰ'' کی مشاورت کا نام دیا ہے۔ یہ آسمانی فیصلے جس طرح روحانی امور کے متعلق ہوتے ہیں اسی طرح دنیوی علوم کے متعلق بھی ہوتے ہیں۔ اور وہ دماغ جو اپنا زاویہ صفات باری کے موجودہ زاویہ کے عین مطابق کر دینے میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔ اپنے زمانے کے اور اپنے فن کے راہنما بننے میں کامیاب ہو جاتے ہیں اور تاریخ میں ایک نام پیدا کر لیتے ہیں۔

اسی کی طرف رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعائے استخارہ سے اشارہ کیا ہے۔ انسان بے شک اپنی محنت کا پھل کھاتا ہے۔ لیکن بے موسم محنت بھی تو رائیگاں جاتی ہے شاید ہر غلہ سال کے ہر حصہ میں بویا جا سکتا ہے۔ اور کچھ نہ کچھ روئیدگی بھی اس سے حاصل کی جا سکتی ہے۔ لیکن وہ غلہ جو اپنے موسم میں بویا جاتا ہے۔ اس کی کیفیت ہی اور ہوتی ہے اسی طرح شاید ہر غلہ ہر ملک میں بویا جا سکتا ہے۔ لیکن وہ غلہ جو اس ملک میں بویا جاتا ہے جس کی زمین کو اس غلہ سے مناسبت ہے اس کی کیفیت ہی اور ہوتی ہے۔ ہر انسان کے لئے ہر علم کا حاصل ہونا اور ہر قسم کا کام کرنا ممکن ہے۔ لیکن ہر فن میں اس کا صاحب کمال ہونا ضروری نہیں۔ اس کے دماغ کی مخفی قابلیتوں کو اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے۔ وہی جانتا ہے۔ کہ مختلف مفید علوم میں سے کونسا علم اور مختلف مفید کاموں میں سے کونسا کام اس کی طاقتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اور اس کے زمانہ اور اس کے ملک اور اس کی قوم کی ضرورتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کے لئے مناسب ہے۔ پس فرمایا کہ خواہ اچھے سے اچھا کام ہو اس کے شروع کرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ سے دعا کر لیا کرو۔ جس کے الفاظ آپؐ نے یہ تجویز فرمائے ہیں:۔............

یعنی اے میرے رب جو کام میں کرنے لگا ہوں۔ یا جو علم میں حاصل کرنے لگا ہوں یا جو ذمہ داری میں اٹھانے لگا ہوں اس کے بارہ میں تجھ سے جو میری مخفی طاقتوں سے بھی واقف ہے اپنے زمانہ حال کے متعلق ارادوں سے بھی واقف ہے۔ اور میری ذاتی قومی، ملکی اور عالمگیری ضرورتوں اور ذمہ داریوں سے بھی واقف ہے۔ سب سے بہتر فیصلہ طلب کرتا ہوں۔ اور پھر تجھ سے یہ بھی درخواست کرتا ہوں۔ کہ اس فیصلہ کے مطابق مجھے کام کرنے کی تجھ سے توفیق اور امداد حاصل ہو اور تیسری بات تجھ سے یہ طلب کرتا ہوں۔ کہ جو بات میرے لئے مناسب ہو۔ اور جس کی طرف تو میری راہنمائی کرے۔ اور جس کے حاصل کرنے کے لئے تو میری مدد کرے اس کام یا اس ذمہ داری کے ادا کرنے میں تیرا انتہائی فضل مجھ پر نازل ہو۔ اور میں اس کام میں ادنیٰ مقام حاصل نہ کروں۔ بلکہ مجھے اس میں اعلیٰ مقام حاصل ہو۔ میں تجھ سے یونہی اور بلاوجہ درخواست نہیں کرتا۔ بلکہ اس وجہ سے درخواست کرتا ہوں کہ مجھے یقین ہے کہ جن امور کے پورا کرنے کی مجھے طاقت نہیں۔ تجھے ہے۔ اور جن مخفی باتوں کا مجھے علم نہیں تجھے ہے۔ پس اے خدا! اگر تیرے علم میں وہ کام جو میں کرنا چاہتا ہوں۔ میرے لئے اچھا ہے میری دینی ضرورتوں کے لحاظ سے بھی اور اس لحاظ سے بھی کہ جو طاقت اور محنت میں اس کام میں خرچ کروں گا۔ اس کا نتیجہ مجھے زیادہ سے زیادہ اچھا حاصل ہو سکے گا۔ تو پھر تو تُو اس کام کے کرنے کی مجھے توفیق عطا فرما۔ اور اس کام کو اعلیٰ درجہ کی تکمیل تک پہنچانے کے لئے مجھے سہولت بخش۔ اور اس کے نتائج کو میرے لئے وسیع سے وسیع تر بنا۔ اور اگر اس کے برخلاف تیرے علم میں یہ ہو کہ یہ کام میرے لئے مناسب نہیں دین کے لحاظ سے یا اس لحاظ سے کہ میری محنت کے مطابق اس سے نتیجہ پیدا نہ ہوگا۔ تو تُو اس کام کے راستہ میں روکیں ڈال دے۔ اور میرے دل میں بھی اس سے بے رغبتی پیدا کر دے اور اس کے سوا جس امر میں میرے لئے بہتری ہے۔ اس کے سامان میرے لئے پیدا کر دے اور اس کی طرف میری توجہ پھیر دے اور اس کی خواہش میرے دل میں پیدا کر دے۔

یہ دعا کتنی کامل ہے اور اس میں کس لطیف پیرایہ میں اس امر کی توجہ دلائی گئی ہے کہ ہر اچھا کام ہر زمانہ اور ہر انسان کے لئے مفید نہیں ہوتا۔ بلکہ اچھے سے اچھا کام بھی بعض زمانوں میں اچھا نہیں رہتا۔ اور اچھے سے اچھا کام بھی بعض قوموں اور بعض افراد کے لئے اچھا نہیں ہوتا۔

پس اپنی محنت کے اعلیٰ سے اعلیٰ پھل حاصل کرنے کے لئے انسان کو وہ کام اختیار کرنا چاہئے۔ جو اس کے لئے اور اس کی قوم کے لئے اور بنی نوع انسان کے لئے اس زمانہ میں مفید ہو۔ اور جسے اعلیٰ طور پر بجا لانے کی اس میں ذاتی قابلیت موجود ہو۔ اگر یہ نہ ہو تو اسے وہ کام یا علم کسی دوسرے بھائی کے لئے چھوڑ دینا چاہئے۔ اور خود اپنے لئے اپنے مناسب حال کام یا علم تلاش کرنا چاہئے۔ لیکن چونکہ بنی نوع انسان کی ترقی کا معاملہ انسانی جدوجہد اور اس کی دماغی قابلیتوں کے علاوہ خدا تعالیٰ کی صفات کے ظہور کے موجود الوقت مرکز کے ساتھ بھی وابستہ ہے۔ اس لئے کسی کام کو شروع کرنے یا کسی علم کی تحصیل کی طرف متوجہ ہونے سے پہلے اللہ تعالیٰ سے بھی یہ دعا کر لینی چاہئے۔ کہ اس زمانہ کے متعلق جو اس کی تجویز اور فیصلہ ہے وہ اسے اس کے مطابق عمل کرنے کی توفیق بخشے تاکہ اچھا بیج اچھی زمین میں مناسب موسم میں پڑے تا اعلیٰ سے اعلیٰ کھیتی پیدا ہو اور زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل ہو۔

جیسا کہ میں شروع میں بتا چکا ہوں۔ انسانی زندگی کی سب دلچسپیاں ایک غیر متناہی تغیر سے وابستہ ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ نے انسان کو پیدا کرتے ہوئے غیر متناہی تغیر کے سامان بھی اس کے ساتھ ہی پیدا کر دیئے ہیں۔ لیکن جب تغیر صحیح اصول پر ہو۔ تو وہ تغیر ترقی کا موجب ہوتا ہے۔ اور جب غلط اصول پر ہو۔ تو تنزل کا موجب ہوتا ہے۔ لیکن سکون اپنی ذات میں ہمیشہ ہی تنزل کے سامان مخفی رکھتا ہے جو قوم ساکن ہو جاتی ہے۔ وہ ہمیشہ نیچے ہی گرتی چلی جاتی ہے۔

(مشعل راہ جلد اول ص 557)

وصیت اور دائمی ثواب

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''چونکہ آسمانی نشانوں اور بلاؤں کے دن قریب ہیں اس لئے خدا تعالیٰ کے نزدیک ایسے وقت میں وصیت لکھنے والا بہت درجہ رکھتا ہے۔ جو امن کی حالت میں وصیت لکھتا ہے اور اس وصیت کے لکھنے میں جس کا مال دائمی مدد دینے والا ہوگا اس کو دائمی ثواب ہوگا۔ اور خیرات جاریہ کے حکم میں ہوگا۔'' (الوصیت)

(مرسلہ: سیکرٹری مجلس کارپرداز)

خدا تعالیٰ کا ہو جانا

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

انسان کی فطرت میں محبت اور علاقہ کا مادہ رکھا ہے اور اس کی فطرت میں یہ بات مرکوز کر دی گئی ہے کہ وہ کسی کا ہو رہے حضرت مسیح موعود پنجابی کا ایک مصرع سنایا کرتے تھے جس کا مفہوم یہ تھا کہ یا تو تو کسی کا ہو جا یا کوئی تیرا ہو جائے۔ پس خلق الانسان من علق کے ایک یہ معنے بھی ہیں کہ ہم نے انسانی فطرت میں محبت اور علاقہ کا مادہ رکھا ہے یعنی ہم نے اسے ایسی حالت پر پیدا کیا ہے کہ وہ سوائے اس کے چین پا ہی نہیں سکتا کہ وہ کسی کا ہو رہے۔ بیشک جب تک اسے اصل چیز نہیں ملتی اس وقت تک وہ کبھی بیوی کا ہو رہتا ہے کبھی بہن بھائی کا ہو رہتا ہے کبھی ماں باپ کا ہو رہتا ہے کبھی دوستوں کا ہو رہتا ہے اور اس طرح وہ درمیان میں بھولتا پھرتا ہے مگر جب خدا تعالیٰ کے ملنے کا راستہ اس پر کھل جاتا ہے تو پھر وہ خدا تعالیٰ کا ہی ہو جاتا ہے۔ (تفسیر کبیر جلد ہفتم ص 324)

ہومیو ڈاکٹر مقبول احمد صدیقی صاحب

معیاری میڈیکل کیمپ کی بعض خصوصیات

تجربہ کار ڈاکٹرز

معیاری میڈیکل کیمپ کے لئے ضروری ہے کہ رجسٹرڈ تجربہ کار ڈاکٹرز کی خدمات حاصل کی جائیں تاکہ کسی بھی جگہ کوئی قانونی مسئلہ پیدا نہ ہو۔ اور غریب، نادار اور مستحق لوگوں کو بھی معیاری علاج میسر آسکے۔

معیاری ادویہ کی فراہمی

معیاری میڈیکل کیمپ میں ادویہ بھی زیادہ اقسام میں ہونی چاہئیں۔ سیرپ اور گولیاں اگر بڑی پیکنگ میں خریدی گئی ہوں تو لازمی ہے کہ کسی اچھی اور معیاری کمپنی کی خریدیں، صحت عامہ نہایت اہم مسئلہ ہے۔

آگاہی صحت عامہ

اگر آپ خدمت خلق کے ساتھ ساتھ علم پھیلانے کا ثواب بھی حاصل کرنا چاہتے ہوں تو غریب اور نادار مریضوں کو آپ ان کی علمی سطح کے مطابق صحت کی ابتدائی اور عمومی تعلیم بھی اس طریقے سے دے سکتے ہیں جو کہ عین موسمی اور علاقائی لحاظ سے ہو تاکہ ان کی دلچسپی بھی برقرار رہے۔

آپ آسان اور عام فہم الفاظ پر مشتمل ایک یا دو صفحات کا فولڈر شائع یا فوٹوسٹیٹ کروالیں جس میں موسمی اور علاقائی لحاظ سے صحت کی عمومی تعلیم درج ہو مثلاً گرمی کا موسم ہو تو گرمی سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر، سردی کے موسم میں سردی سے بچنے کی تدابیر، اچھی غذاؤں اور مرض کے مطابق پھلوں، سبزیوں کی طرف رہنمائی جس علاقے میں گندا پانی یا مچھر ہو وہاں پیٹ کی امراض یا ملیریا سے بچاؤں کی احتیاطی تدابیر طبی آسان نسخے، شوگر اور بلڈ پریشر کے مریضوں کے لئے پرہیز کا چارٹ۔ جہاں ممکن ہو یہ پمفلٹ آپ مریضوں میں بانٹ دیں تاکہ مریضوں میں خود بھی صحت کے بارے میں شعور پیدا ہو۔

کمپوڈر یا ڈسپنسر

ڈاکٹر کے ساتھ ایک دو کمپوڈر یا ڈسپنسر بھی ہونے چاہئیں تاکہ تجویز کردہ ادویہ کو تیار کرنے اور اس کو پیش کرنے کا کام سرانجام دے سکیں اس طرح ڈاکٹر کو بھی موقع مل جائے گا کہ وہ کم وقت میں زیادہ سے زیادہ مریضوں کو دیکھ سکے۔

طبی معائنہ علیحدگی میں ہو

وہ کیمپ نہایت معیاری ثابت ہوسکتا ہے جس میں کیمپ کی جگہ پہنچتے ہی سب سے پہلے انتظام کرلیا جائے کہ ہر مریض کو فرداً فرداً علیحدگی میں چیک کیا جائے یا دوسرے لفظوں میں ڈاکٹر اور مریض دوسرے مریضوں سے چندفٹ کے فاصلے پر اس طرح بیٹھیں کہ ڈاکٹر اور مریض کی باتیں دوسرے مریض سن نہ پائیں۔

مناسب وقت اور مناسب مشورہ

مرض کی نوعیت کے مطابق ہر مریض کو وقت دینا چاہئے گہرے یا پیچیدہ امراض میں مریض کا سطحی معائنہ یا تشخیص نہ کی جائے ایسے مریضوں کا ریکاڈ بھی لازمی رکھنا چاہئے۔ اگر آپ سمجھتے ہوں کہ مرض ایسا ہے کہ جس میں مریض کو کسی سینیئر یا کسی دوسرے قابل ڈاکٹر سے مشورہ کرنا چاہئے تو آپ مریض کو فوراً دوسرے ڈاکٹر کی طرف ریفر کردیں۔

مریضوں کا ریکارڈ

کیمپ میں شامل تمام مریضوں کا ریکارڈ بھی ایک رجسٹر پر درج کرتے رہنا چاہئے اس رجسٹر میں کم ازکم پانچ کالم یوں بنائیں کہ پہلا کالم حوالہ نمبر کا ہو دوسرا نام مریض، تیسرا عمر، چوتھا مرض کی تفصیل اور پانچواں تجویز کردہ ادویہ و دورانیہ کا ہو زیادہ بہتر ریکارڈ بنانے کے لئے آپ مزید کالم بھی بنا سکتے ہیں۔

ہر مریض کو دیکھنے کے بعد اس کا حوالہ نمبر ایک پرچی پر ضرور لکھ دیں تاکہ اگلے کیمپ پر مریض وہ پرچی آپ کو دکھائے اس طرح آپ رجسٹر سے معلوم کر سکیں گے کہ پہلے کس تاریخ کو مریض کی کیا حالت تھی اور اب کیا ہے کونسی ادویہ یہ مریض استعمال کرتا رہا ہے۔

ادویہ پر نشان

گاؤں یا دیہات میں اکثر ایک ہی گھرانے سے کئی مریض آجاتے ہیں شوہر، بیوی بچے سب دوا لے رہے ہوتے ہیں تو ضروری ہے کہ ادویہ کی پڑیوں اور شیشیوں پر واضح امتیازی نشان لگا دیں تاکہ ہر مریض کی دوا کی علیحدہ پہچان رہے ایک بہتر طریقہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ساتھ ہی ساتھ دوا پر اس کے مریض کا نام لکھ دیں یا نام کا پہلا ہندسہ یا حرف لکھ دیں۔

ضروری طبی آلات کی فراہمی

معیاری میڈیکل کیمپ میں چند ضروری طبی آلات بھی موجود ہونے چاہئیں۔ مثلاً تھرمامیٹر، سٹیتھوسکوپ، بلڈ پریشر ماپنے کا آلہ خاکسار کا ذاتی مشاہدہ ہے کہ اس طرح غریب یا نادار اور ہر مریض نفسیاتی طور پر بھی خوب مطمئن ہوتا ہے اور تسلی پاتا ہے ہومیو پیتھک ڈاکٹرز بھی ان آلات کا استعمال کر سکتے ہیں۔ اس طریق کو استعمال کریں گے تو آپ کے مریضوں کی تعداد بھی بڑھنی شروع ہوگی۔

باقاعدگی

معیاری میڈیکل کیمپ وہی ہوتا ہے جس میں ایک ڈاکٹر ایک ہی علاقے میں مستقل یا لمبے عرصہ تک اور ایک مناسب وقفے اور باقاعدگی سے کیمپ لگاتا رہے یہ ڈاکٹر اور مریض دونوں کے لئے بہتر ہوتا ہے۔ ڈاکٹر کے لئے اس طرح کہ اسے ایک ہی علاقے میں دوبارہ جانے سے علم ہو جاتا ہے کہ اس کی تجویز کردہ ادویہ سے شفا کی شرح کیا رہی ہے اور مریض کے لئے اس طرح کہ اس کا ہر ہفتہ یا ہر ماہ باقاعدگی سے طبی معائنہ اور وہ بھی ایک ہی ڈاکٹر کے ذریعے سے ہوتا ہے تو اس کی صحت بھی مضبوط سے مضبوط ہوتی رہتی ہے۔ اور بڑی امراض آہستہ آہستہ پیدا ہونے والی امراض کا بھی بروقت اور جلد وقت پر علاج ہوتے رہنے سے قلع قمع ہوتا رہتا ہے۔

تبصرہ کتب

سیدنا حضرت مصلح موعود کی معرکۃ الآراء تقاریر

سیر روحانی

سلسلہ تقاریر جو 1938ء سے شروع ہوکر 1958ء تک جاری رہا

نام کتاب: سیر روحانی
زیر اہتمام: فضل عمر فاؤنڈیشن
مطبع: رقیم پریس، اسلام آباد ٹلفورڈ سرے، برطانیہ
صفحات: 900

الٰہی نوشتوں کے مطابق اللہ تعالیٰ نے سیدنا حضرت مسیح موعود کو ایک عظیم المرتبت فرزند مصلح موعود کی پرشوکت پیشگوئی عطا فرمائی جس کی علامات میں ایک یہ تھی کہ وہ سخت ذہین وفہیم ہوگا۔ علوم ظاہری و باطنی سے پُر کیا جائے گا اور کلام اللہ کا مرتبہ ظاہر کرنے والا ہوگا۔

حضرت مصلح موعود کی ذہانت وفطانت اور علوّ علمی کا ایک روشن اظہار ''سیر روحانی'' ہے۔

1938ء میں ایک رویا کی بنا پر حضرت مصلح موعود نے حیدرآباد دکن کا سفر کیا۔ دوران سفر حضور آگرہ اور دلی بھی تشریف لے گئے اور مغلیہ دور کے مختلف مقامات، قلعے، مقابر، مساجد، مینار، نوبت خانے، باغات، دیوان خاص، دیوان عام، لنگر خانے، دفاتر، کتب خانے، مینا بازار، جنتر منتر، سمندر اور آثار قدیمہ مشاہدہ کئے اور پھر جلسہ سالانہ کی تقاریر میں ان مادی اشیاء کے مشابہہ اور مماثل امور کو اثرانگیز پیرایہ میں بیان کرنا شروع کیا۔ یہ سلسلہ تقاریر 1938ء سے شروع ہوکر 1958ء تک وقفہ وقفہ سے جاری رہا۔ یہ تقاریر تین جلدوں میں شائع کی گئیں جواب یکجائی صورت میں فضل عمر فاؤنڈیشن کو احباب جماعت کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل ہورہی ہے۔ اس کے پیش لفظ میں مکرم ناصر احمد شمس صاحب سیکرٹری فضل عمر فاؤنڈیشن تحریر کرتے ہیں۔

احباب جماعت کی شدید خواہش اور طلب پر حقائق و معارف سے پُر اور وجد آفرین تقاریر کے سلسلہ ''سیر روحانی'' کو اب یکجائی صورت میں شائع کیا جارہا ہے۔ حضرت مصلح موعود نے ''سیر روحانی'' جلد اول اور دوئم کی اشاعت کے موقع پر جو پیش لفظ اور دیباچہ تحریر فرمایا تھا اسے بھی اس کتاب کی ابتداء میں شامل اشاعت کیا جارہا ہے۔ نیز حضور نے اپنے سفر میں جن مقامات کی سیر کی اور جن کا تذکرہ سیر روحانی میں کیا گیا ہے۔ ان مقامات، مساجد، مقابر اور قلعوں کے بارہ میں ہماری موجودہ نسل کی اکثریت ناواقف ہے۔ ان مقامات سے آگاہ کرنے اور تعارف کرانے کے لئے ان کی 40 کے لگ بھگ تصاویر بھی کتاب ہذا میں شامل کی جارہی ہیں اور ساتھ ساتھ ان کا تفصیلی تعارف بھی پیش کیا جارہا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کاوش کو قبول فرمائے۔ یہ کتاب یقیناً احباب جماعت کے ازدیاد علم اور ازدیاد ایمان کا باعث بنے گی۔

کتاب کے آخر پر تفصیلی انڈیکس بھی شامل اشاعت ہے۔

(اے ایس خان)

تحریک جدید کی تکمیل کے لئے وصیت

تحریک جدید کی غرض وغائیت سیدنا حضرت مصلح موعود نے زمین پر خدا تعالیٰ کی بادشاہت کا قیام بیان فرمائی ہے۔ پس مخلصین جماعت کے ازدیاد ایمان کے لئے حضور کا ایک ارشاد جو وصیت کا رنگ رکھتا ہے۔ پیش خدمت کیا جاتا ہے۔ فرمایا

''میں اللہ تعالیٰ پر اس تحریک کی تکمیل کو چھوڑتا ہوں۔ یہ کام اسی کا ہے اور میں صرف اس کا ایک حقیر خادم ہوں۔ لفظ میرے ہیں لیکن حکم اسی کا ہے۔''

اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس ارشاد کو سمجھنے اور مناسب حال قربانیاں پیش کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

(وکیل المال اول)

ماخوذ

بچوں کی روزمرہ بیماریاں اور بچاؤ کی تدابیر

بچوں کے عام اور روزمرہ مسائل میں نزلہ، زکام، کھانسی، پیٹ خراب ہونا، گلا خراب ہونا، الٹیاں وغیرہ شامل ہیں۔ آپ کو چند اہم اور عام طور پر ہونے والی بیماریوں کے بارے میں بتاتے ہیں۔

سردی لگنا

پیدائش سے لے کر تین ماہ کی عمر تک بچے بہت نازک ہوتے ہیں۔ بہت جلدی اور فوراً سارے کپڑے اتارنے سے بھی انہیں سردی لگ سکتی ہے اس کی علامات میں ناک بہنا، کھانسی بخار شامل ہیں، اس کے ساتھ کان سینے کی انفیکشن اور نمونیہ ہوسکتا ہے بچے کو فوراً پیناڈول یا کال پول کا شربت عمر کے حساب سے دیں اس کے علاوہ پانی کی مقدار زیادہ کردیں۔ خاص کر اگر وہ ماں کا دودھ نہیں پی رہا۔ بچے کو گرم رکھیں۔ بہت زیادہ کپڑے پہنانے کی بجائے اسے قدرے کم گرم جگہ پر رکھیں خاص کر سردی میں تین ماہ سے بڑی عمر کے بچوں کو مرغ کی یخنی پینے کے لئے دیں۔

نزلہ زکام کھانسی نمونیہ

علامات میں کھانسی خشک یا بلغم والی چونکہ بچے بلغم تھوک نہیں سکتے اس لئے جب وہ کھانسی کرتے ہیں تو یوں معلوم ہوتا ہے جیسے ان کی پسلیاں ہل رہی ہوں اور آواز منہ کی بجائے سیدھی پسلیوں سے آتی ہے۔ درحقیقت یہ علامات بہت اہم ہیں کیونکہ ایسی حالت نمونیہ کی ہوسکتی ہے اور اگر نمونیہ کا علاج فوراً نہ کیا جائے تو یہ جان لیوا بھی ہوسکتا ہے۔ اس کے علاوہ بچے کا سانس بہت تیز ہوجاتا ہے اور ہر بار کھانسی کے ساتھ بچہ بہت بری طرح روتا ہے کیونکہ کھانسی کرنے سے اس کے سینے میں درد یا بوجھ محسوس ہوتا ہے۔ نمونیہ کا باعث بیکٹیریا یا وائرس کچھ بھی ہوسکتا ہے اگر بچوں میں ایسی علامات ظاہر ہوں تو فوری طور پر ڈاکٹر سے رجوع کریں تاکہ بچوں کو بروقت اینٹی بائیوٹک دی جاسکے۔ ایسے بچوں کو گرم پانی کی بھاپ دینا بھی بہت فائدہ مند ہے۔ نزلہ، زکام اور کھانسی میں گرم پانی میں وکس ڈال کر بھاپ دینا بہت فائدہ دیتا ہے۔ اکثر دیکھا گیا ہے کہ بچے کپڑا سر پر ڈال کر بھاپ لینے سے بہت گھبراتے ہیں یا پھر بھاپ لگنے سے رونا شروع کردیتے ہیں اور روتے روتے متلی ہوجاتی ہے ایسے بچوں کو سوتے میں بھاپ دی جاسکتی ہے۔ بلغم نکالنے کے لئے بھاپ دینے کے بعد (بھاپ خالی پیٹ دیں) بچے کو تھوڑی دیر تکیہ پر الٹا لٹادیں اور اس کی کمر پر ہاتھ سے ملیں یا تھپتھپائیں اس سے اس کے سینے کو بہت آرام ملتا ہے اور بلغم آسانی سے منہ کے ذریعہ خارج ہوجاتی ہے اگر اس وقت بچے زیادہ تھوک نکالیں تو یہ اچھی علامت ہے کیونکہ اس سے کبھی ریشہ اور بلغم نکل جاتے ہیں۔

کان کا انفیکشن

کان کے درد یا انفیکشن میں بچے اپنے کان بہت زیادہ پکڑتے اور کھینچتے ہیں۔ انہیں اکثر بخار ہوجاتا ہے کئی دفعہ کان کی انفیکشن سے پیٹ خراب ہوجاتا ہے اگر بروقت اینٹی بائیوٹک شروع کردی جائے تو کسی بڑے خطرے سے بچ سکتے ہیں کان کے درد میں اکثر لوگ خود ہی بچوں کے کان میں ڈراپس یا گرم گھی وغیرہ ڈال دیتے ہیں جو بہت غلط طریقہ ہے ڈاکٹر سے کان کا معائنہ کروائے بغیر کان میں ہرگز کچھ مت ڈالیں کیونکہ کان کے کئی انفیکشن یا سوزش سے کان کا پردہ متاثر ہوتا ہے اور بہت باریک یا کمزور پڑجاتا ہے۔ گھی یا تیل یا ڈراپس وغیرہ ڈالنے سے یہ پردہ پھٹ سکتا ہے اور بچے ہمیشہ کے لئے بہرے ہوجاتے ہیں۔

دست

